محبوب پروڈکشن کا بہترین و نیا شاہکار

سٹوری و گانے

انداز

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :۔

نرگس ۔ دیپ کمار ۔ راجکپور ۔ وی ۔ ایچ ۔ ڈیسائی ۔ ککو ۔ وغیرہ

خلاصہ ۔ نینا سر بدری پرشاد کی اکلوتی بیٹی تھی ۔ آزاد خیال اور مغربی تہذیب کا نمونہ ۔ گھوڑے کی سواری کا بہت شوق تھا ۔ ایک صبح جب وہ گھوڑے کی سواری کیلئے گئی تو گھوڑا بھڑک کر بے قابو ہو گیا ۔ اور وہ بیہوش ہو گئی ۔ جب اُس کو ہوش آیا تو اُس نے اپنے آپکو ہسپتال میں ایک حسین نوجوان دلیپ کے ساتھ پایا ۔ آگے پردۂ فلم پر دیکھیں ۔

گانے انداز کے

دلیپ :۔

نمبر ۱

ہم آج کہیں دل کھو بیٹھے ۔ یوں سمجھو کسی کے ہو بیٹھے
ہر دم جو کوئی پاس آنے لگا ۔ جیسے اُلفت کے سمجھانے لگا
نظروں سے نظر کا ٹکرانا ۔ تھا دل کیلئے ایک افسانہ
ہم ہاتھوں سے دل کو دھو بیٹھے ۔ یوں سمجھو ۔۔۔
آنکھوں میں سمایا کوئی مگر ۔ کون آیا کسیکو کیا یہ خبر
مجھ سے جو تو پوچھے اُس کا پتہ ۔ چنچل نیناں اور شوخ ادا
ہم دل کی نیا ڈبو بیٹھے ۔ یوں سمجھو ۔۔۔۔

نمبر ۲

ڈرنا محبت کر لے ۔ اُلفت سے جھولی بھر لے
دُنیا ہے چار دن کا میلہ ۔ جی بھر کے جا جتے مر لے ۔ ڈرنا ......
دُنیا فانی تو بھی فانی ۔ لیتا جا اُلفت کی نشانی
دو لفظوں کی ایک کہانی ۔ ایک محبت ایک جوانی
یاد اسے تو کر لے ۔ ڈرنا محبت کر لے
اُلفت سے جھولی بھر لے ۔ دُنیا ہے .....
دُنیا تو کانٹوں کا اک بن ہے ۔ اور اُلفت پھولوں کا چمن ہے
کر لے وہی جو دل کی لگن ہے ۔ سوچ لے منزل دل کی کٹھن ہے
اس منزل سے گذر لے ۔ ڈرنا محبت .....
اُلفت سے جھولی بھر لے ۔ دُنیا ہے .....
کہنا جو تو نے میرا نہ مانا پیچھے پڑیگا پھر پچھتانا
دیکھ لے اپنا کر لے ٹھکانہ ۔ یہ ہے محبت وہ ہے زمانہ
ہنس لے یا آہیں بھر لے ۔ ڈرنا ......

(۳)

دلیپ :-
تو کہے اگر جیون بھر میں گیت سُناتا جاؤں ۔ من بین بجاتا جاؤں
اور آگ میلنے دیکی ہر دل میں لگاتا جاؤں ۔
دُکھ درد مٹاتا جاؤں
میں ساز ہوں تو سرگم ہے ۔ دیتی جا سہارے مجھکو
میں راگ ہوں تو دیپک ہے جس دم تو پکارے مجھکو

آواز میں تیری ہر دم آواز ملاتا جاؤں
ہر کاوش پہ چھاتا جاؤں
ان بولوں میں تو ہی تو ہے میں سمجھوں یا تو جانے
ان میں ہی کہانی میری۔ ان میں ہیں تیرے افسانے
تو ساز اٹھا الفت کا میں جھوم کے گاتا جاؤں
سپنوں کو جگاتا جاؤں

نمبر ۴

بینا:
کوئی میرے دل میں خوشی بنکے آیا
اندھیرا تھا گھر روشنی بنکے آیا
بھڑکنے لگے دل جاگتی ہیں اُمنگیں۔ محبت کی وہ زندگی بنکے آیا
محبت نے چھیڑا ہے پھر سازِ دل کا۔ وہ ہر تار میں راگنی بنکے آیا
سمایا تھا جو دل میں اک درد بنکر۔ وہ ہونٹوں پہ میرے خوشی بنکے آیا

نمبر ۵

دلیپ:
نگاہیں ہی ملا کرتی ہیں۔ دل ہی دل سے ملتا ہے
مگر اک چاہنے والا بڑی مشکل سے ملتا ہے
ٹوٹے نا دل ٹوٹے نا۔ ساتھ ہمارا چھوٹے نا
تیری تمنا کرتا ہوں میں۔ اُلفت سے جھولی بھرتا ہوں میں
راہ اکیلی چلتا ہوں میں۔ کوئی لٹیرا لوٹے نا۔ دل ٹوٹے نا
غم ہو کہیں تو ساتھ نہ چھوڑے۔ دل نہ دکھائے منہ کو نہ موڑے

اس دِلا کر آس نہ توڑے۔ بن کے نیّا پھوٹے نا۔ دِل ٹوٹے نا....
دِل کو تیرے بہلا سکتا ہوں۔ چاند ستارے لا سکتا ہوں
رو سکتا ہوں گا سکتا ہوں۔ مجھ سے گر تو روٹھے نا۔ دِل..

دلیپ :۔
نمنیلنا

جھوم جھوم کے ناچو آج گاؤ خوشی کے گیت
آج کسی کی ہار ہوئی ہے۔ آج کسی کی جیت۔ گاؤ...
کوئی کسی کی آنکھ کا تارا۔ جیون ساتھی ساجن پیارا
اور کوئی تقدیر کا مارا۔ ڈھونڈ رہا ہے دِل کا سہارا
کسی کو دِل کا درد ملا ہے۔ کسی کو من کے میت۔ گاؤ....
دیکھو تو کتنا خوش ہے زمانہ ۔ دِل میں اُمنگیں لب پہ ترانہ
دِل جو دُکھے آنسو نہ بہانا ۔ یہ تو یہاں کا ڈھنگ پرانا
اسکو مٹانا اس کو بنانا۔ اس نگری کی ریت۔ گاؤ....
جھوم جھوم کے......

نینا و راجن :۔
منجبر

یوں تو ہم لوگ بگڑتے ہیں خفا ہوتے ہیں
ملنے والے کہیں اُلفت میں جدا ہوتے ہیں
نینا :۔ ہیں زمانے میں عجب چیز محبت والے
درد خود بنتے ہیں۔ خود اپنی دوا ہوتے ہیں
راجن :۔ حالِ دل مجھ سے نہ پوچھو۔ میری نظریں، دیکھو

رازِ دل کے تو نگاہوں سے ادا ہوتے ہیں

نینا:۔ یلنے کو یُوں تو سب سے ملا کرتی ہیں نظریں
دل کے آ جانے کے انداز جُدا ہوتے ہیں

راجن:۔ ایسے ہنس ہنس کے نہ دیکھا کرو تم سب کیطرف
لوگ ایسی ہی اداؤں پہ فدا ہوتے ہیں

نینا:۔ نمبر ۸ **تماشبین**

میری لاڈلی ری بنی ہے تاروں کی تو رانی
نیل گگن پر بادل ڈولے۔ ڈولے ہر ایک تارا
چاند کے اندر بڑھیا ڈولے ٹمک ٹمک دو دارا
میری لاڈلی ری ....
کملا گنگنائے۔ بملا گائے۔ گائے کنبہ سارا
گھونگھٹ کاڑھ کے گڑیا گائے جھومے گُڈا پیارا
میری لاڈلی ....
نیلا ناچے۔ ہیرا ناچے۔ ناچے موتی آیا
کالے شباب کا ٹوپا ناچے۔ گوری میم کا سایہ
میری لاڈلی ....

نینا:۔ نمبر ۹

" ٹھلائے جا اُن کے ستم اور جھُلائے جا
یوں ہی مُسکرائے جا۔ آنسو پئے جا۔

یہی ہے محبت کا دستور اے دل ۔ وہ غم دیں تجھے تو دعائیں دیئے جا
کبھی وہ نظر جو سمائی تھی دل میں
اُسی اِک نظر کا سہارا لیئے جا
ستائے زمانہ ستم ڈھائے دنیا ۔ مگر تو کسی کی تمنا کیئے جا
نینا :۔
نمبر ۱۰
توڑ دیا دل میرا ۔ تو نے ارے بے وفا
مجھکو میرے پیار کا خوب یہ بدلہ دیا
مانگو خوشی غم ملے کہتے ہیں دنیا اسے
ہائے میں جاؤں کہاں اب میں پکاروں کسے
یہ تو بتا دے ذرا ۔ میں نے تیرا کیا کیا ۔
توڑ دیا ....
غم کی گھٹائیں اٹھیں ۔ ساری امیدیں مٹیں
اس بھری دنیا میں آج میرا کوئی نہیں
کیسا یہ طوفاں اٹھا ۔ جگ میں اندھیرا ہوا
توڑ دیا ....
آرزو ناکام ہے ۔ زندگی بدنام ہے
دل میرا کہتا ہے اب موت ہی انجام ہے
گھونٹ لے اپنا گلا آج وہ دن آ گیا ۔
(ختم شد)